11/02/2026

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر

لوک بھون

لوک بھون جموں میں کل لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے کئی وفود اور افراد نے ملاقات کی۔ MLAترال رفیق احمد نائیک نےLG سے ملاقات کر کے اپنے حلقہ انتخاب سے متعلق عوامی اہمیت کے حامل کئی معاملات اُبھارے۔ بی جے پی جموںو کشمیر کے سوشل میڈیا انچارج مکسن تِکو ایل جی سے ملاقات کر کے کشمیری پنڈتوں کے حوالے سے کئی اہم معاملات ایل جی کی نوٹس میں لائے۔ اپنی پارٹی کے سینئر نائب صدر غلام حسن میر نے بھی LGسے ملاقات کر کے کئی اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

اسی بیچ شاپ کیپرس ایسوسی ایشن ملٹی ٹائر پارکنگ جنرل بس سٹینڈ جموں کے ایک وفد نے بھی ایل جی سے ملاقات کی۔ شکتی اُدگوش فاؤنڈیشن کے ایک وفد بھی ایل جی سے ملاقی ہوا اور انہیں کئی اہم معاملات سے آگاہ کیا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے دیہی معیشت کی اہمیت اُجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت امریکہ تجارتی معاہدے میں جموںو کشمیر کے مفادات کا خیال رکھا جانا چاہئے تھا۔ کل اسمبلی میں بجٹ پر ہورہے بحث میں حصہ لیتے ہوئے انہوںنے کہا کہ یوٹی میں سیب کے علاوہ کئی دیگر میوہ جات کی کاشت ہو تی ہے۔ جن کو اس ٹریڈ ڈیل میں شامل کئے جانے سے باغ مالکان اور کسانوں کو کا فی فائدہ مل سکتا تھا۔

CM بجٹ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ حکومت لوگوں کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کرنے کی وعدہ بند ہے۔کل اسمبلی میں بجٹ پر ہوئے بحث کا جواب دیتے ہوئے انہوںنے کہا کہ بجٹ جموں وکشمیر کی مستحکم اقتصادی ترقی، سماجی بہبود اور شمولیاتی ترقی کےلئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کر رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت روزگار کے مواقعے پیدا کرنے،

بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے ، عوامی خدمات کی بہتری نیز سماج کے سبھی طبقوں تک ترقی کے فوائد پہنچانے کی طرف توجہ دے رہی ہے۔

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے اعلیٰ افسران کی ایک میٹنگ کی صدارت کر تے ہوئے جموںو کشمیر میں منشیات کے متاثرین کی بحالی اور سماجی انضمام کےلئے ایک موثر اور منظم نظام قائم کرنے پر زور دیا ہے۔

انہوںنے ہدایت دی کہ علاج کےلئے سامنے آنے والے ہر متاثرہ فرد کی کئی برسوں تک باقاعدہ نگرانی کی جائے اور انہیں ہنرمندی، روزگاراور تعلیم کے مواقعے فراہم کئے جائیں تاکہ وہ دوبارہ نشے کی طرف رجوع نہ کریں۔

میٹنگ میں مختلف محکموں کے درمیان باہمی تال میل ضلعی سطح پر مانیٹرنگ نظام اور ہر مستفید فرد کےلئے آن لائن ٹریکنگ پلیٹ فارم بنانے پر اتفاق کیا گیا۔

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے رمضان المبارک کے پیش نظر ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں سحری و افطار کے اوقات میں بلا تعطل بجلی کی فراہمی اور بازاروں کی سخت نگرانی کی ہدایات جا ری کی ہیں۔

ڈویژنل کمشنر نے تمام ضلع ترقیاتی کمشنروں سے لوگوں کےلئے بنیادی سہولیات یقینی بنانے،ٹرانسپورٹ کی معقول سہولیات ،معیاری اشیائے خورد نوش کی دستیابی اور باقاعدہ مارکٹ چیکنگ مہم تیز کرنے کی تاکید کی ۔

اعجاز اسد

دیہی ترقی و پنچایتی راج محکمے کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے جموںو کشمیر میں سو چھ بھارت مشن گرامین اورراشٹریہ گرام سوراج ابھیان کی عمل آوری کا اعلیٰ سطحی میٹنگ میں جائزہ لیا۔ انہوں نے دیہی صفائی ، پنچایت گھروں کی تعمیر اور پنچایت ایڈوانسمنٹ انڈکس2.O کے تحت موثر منصوبہ بند پر زور دیا۔

سیکریٹری موصوف نے ضلع وار ٹینڈرنگ کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے صفائی اثاثہ جات کو بر وقت فعال بنانے کی ہدایت بھی دیں۔ میٹنگ میں پنچایت گھروں میں کامن سروس سینٹرس کے قیام، پنچایت لیرننگ سینٹرس کو فعال بنانے اور نئے قائم شدہ 40مراکز کو جلد عملی شکل دینے کی ہدایت دی گئی۔

سرینگرDC

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے سرینگر شہر کے ہارون علاقے میں جا ری ترقیاتی کاموں کا موقعے پر جائزہ لیا۔ انہوننے ملوری نالہ پر زیر تعمیر تین پُلوں کی پیش رفت کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سیدہ پورہ بالا اور گنڈ تل غنی مہر روڈ پر پُلوں کی تعمیر اور رابطہ سڑکوں کے کام کا معائنہ کر تے ہوئے متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ کام کو مقررہ وقت میں مکمل کریں۔

گاندربلDC

، ساسکی اور قبائلی منصوبوں کے تحت CDFڈپٹی کمشنر گاندر بل جتن کشور نے ضلع کیپکس، مالی سال2025-26کے جاری و نئے کاموں کی پیش رفت کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا۔

میٹنگ میں ٹینڈرنگ ، فنڈس کے استعمال اور معیار پر زور دیا گیا جبکہ متعلقہ محکموں کو ہدایت دی گئی کہ وہ رقومات کا صحیح استعمال کر کے تمام دردست لئے گئے کام بروقت مکمل کریں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

....

...